© rasailojaraid.com

# کتاب نما

**وفیاتِ نامورانِ پاکستان**، ڈاکٹر محمد منیر احمد سلیچ۔ ناشر: اُردو سائنس بورڈ' ۲۹۹-اپر مال' لاہور۔
صفحات (بڑی تقطیع): ۹۵۵۔ قیمت: ۱۲۰۰ روپے

مسلم علوم و فنون میں علم اسماء الرجال ایک منفرد' معتبر اور تاریخِ عالم میں ایک نادر فن کی حیثیت رکھتا ہے۔ وفیات نگاری' ایک اعتبار سے اسماء الرجال ہی کی ایک شاخ ہے۔ عربی' فارسی اور اُردو میں وفیات نگاری کی ایک مستحکم روایت ملتی ہے۔ ابن خلکان کی وفیات الاعیان اس سلسلے کی ایک حیرت انگیز اور بے مثال کتاب ہے جو تیرھویں صدی میں تصنیف کی گئی' بعدازاں اس کے بیسیوں تکملے اور ترجمے شائع کیے گئے۔ مسلم ذخیرۂ علوم میں' اس کے علاوہ بھی فن وفیات نویسی پر بیسیوں کتابیں تالیف اور شائع کی گئیں۔

اُردو میں بھی اس فن پر معدودے چند کتابیں تیار کی گئی ہیں۔ زیرنظر کتاب اسی سلسلے کی تازہ کڑی ہے اور اس فن پر اُردو میں موجود و مطبوعہ ۱۴ کتابوں کے مقابلے میں زیادہ تفصیلی' جامع اور مُستند ہے۔ بڑی تقطیع کے تقریباً ایک ہزار صفحات پر مشتمل زیرنظر وفیات نامہ ۹۸۰۰ ناموران پاکستان کے بارے میں حسب ذیل معلومات پر مشتمل ہے: شخصیت کی حیثیت' نمایاں عہدہ یا منصب' تصانیف' ولادت اور وفات کی تاریخیں' مقامِ تدفین اور مآخذ۔ ناموران پاکستان میں زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد شامل ہیں۔ علما' ادیب' شاعر' معلم' سیاست دان' طبیب' کھلاڑی' وکیل' گویّے' پیر' صنعت کار' کارکنانِ تحریک آزادی' صحافی' خوش نویس' مصور' مقرر' سماجی کارکن وغیرہ وغیرہ۔

(مصنف نے 'نام ور' کے معیار کے لیے مختلف پیمانے استعمال کیے ہیں۔) سیاست دانوں میں سے رکن صوبائی اسمبلی سے کم درجے پر فائز لوگوں کو شامل نہیں کیا گیا۔ مصنف نے دائرہ کار بھی

© rasailojaraid.com